© rasailojaraid.com

کاکوئی ادارہ اور کتب خانہ اس جلیل القدر کتاب سے محروم نہ رہے۔

## المرآۃ لکشف معانی المقامات

از افادات حضرت شیخ الادب مولانا اعزاز علی مرحوم
مرتب مولانا حکمت شاہ کاکاخیل ۔ صفحات ۲۹۶۔

ملنے کا پتہ :۔ انوار الاشاعت پشاور ۔ یا۔ مکتبۂ رحیمیہ محلہ جنگی پشاور ۔ (قیمت درج نہیں)

دارالعلوم دیوبند کے مولانا اعزاز علی صاحب مرحوم کو اللہ تعالیٰ نے علوم عربیہ خاص طور سے عربی ادب میں خداداد تبحر اور بصیرت سے نوازا تھا۔ علم ادب کے بعض متداولہ کتب حماسہ، متنبی، دیوان کے شروح وحواشی موجود ہیں۔ زیر نظر کتاب علم وادب میں ابو محمد قاسم بن علی بن عثمان الحریری البصری (م ۵۱۶ھ) کی شہرۂ آفاق کتاب مقامات حریری پر مولانا مرحوم کے افادات کا مجموعہ ہے، جو انہوں نے مقامات حریری کیلئے درس کے دوران ارشاد فرمائے، جنہیں حضرت مولانا مرحوم کے بعض تلامذہ نے ان ہی کے الفاظ میں قلمبند کیا۔ فاضل مرتب مولانا حکمت شاہ کاکاخیل (فاضل دیوبند) نے ان املائی تقریروں کو موجودہ کتاب کی شکل دی۔ حضرت شیخ الادب مرحوم نے حسب عادت کسی لفظ کی تشریح نہیں چھوڑی اور اسکے متعلق اکثر امور استعارات، مشتقات ومبادی اوزان وجموع اور فقہ اللغۃ کی طرف بھی توجہ فرمائی۔ بعض مقامات کی تشریح اور ضبط میں کچھ کمی تھی، تو مرتب نے اسکی تلافی کتاب کے دیگر حواشی سے کردی ہے۔ زیر نظر کتاب اردو زبان میں ہے جو مقامات حریری کے ۲۰ مقالوں پر مشتمل ہے، کتاب کا مطالعہ شائقین ادب عربی طلباء مدارس عربیہ کیلئے معلومات افزا ثابت ہوگا۔ فاضل مرتب شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے درس نظامی کی ایک اہم کتاب مقامات پر ایک ممتاز، جید اور صاحب بصیرت عالم کے افادات کو محفوظ فرمایا۔ کتاب کی کتابت وطباعت بھی غیر موزوں نہیں۔


## دارالعلوم حقانیہ کی تبلیغی مطبوعات

| | |
|---|---|
| ۱۔ انسانی فضیلت کا راز۔ تقریر از قاری محمد طیب صاحب مدظلہ | ایک روپیہ |
| ۲۔ ارشادات حکیم الاسلام (معجزات انبیاء وغیرہ) | پچاس پیسے |
| ۳۔ مقام صحابہ ومسئلہ خلافت وشہادت۔ تقریر از شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب | ایک روپیہ |
| ۴۔ علم کے تقاضے اور اہل علم کی ذمہ داریاں " " | بارہ پیسے |
| ۵۔ صیام رمضان " " | بارہ پیسے |
| ۶۔ ناموس رسالت " " | بارہ پیسے |
| ۷۔ خدا کی نعمتوں کے حقوق اور تقاضے۔ تقریر از مولانا عبدالغفور صاحب۔ مدینہ | بارہ پیسے |

شعبۂ نشر واشاعت : دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور


© rasailojaraid.com